## سوال

میری والدہ اور میری بیوی کے مابین تعلقات بہت خراب ہیں، اور اس درجہ تک خراب ہوگئے ہیں کہ میری والدہ میری بیوی کا چہرہ بھی نہیں دیکھنا چاہتی، والدہ چاہتی ہے کہ ہم علیحدہ ہوجائیں، لیکن میں اپنی والدہ کو نہیں چھوڑنا چاہتا کیونکہ میں خاندان میں بڑا بیٹا ہوں، اور اسی طرح میں انہیں ناراض بھی نہیں کرنا چاہتا، توکیا میں اپنی بیوی کو طلاق دے دوں ؟

## جواب

ہمہ قسم کی حمد اللہ تعالی کےلیے، اور دورود وسلام ہوں اللہ کے رسول پر، بعد ازاں :

اول :

اس میں کوئی شک وشبہ نہیں کہ بیٹے پر ماں کا عظیم حق ہے، اور والدہ کے ساتھ حسن سلوک کرنا سب سے بڑا واجب ہے

اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے :

اور تیرا رب یہ فیصلہ کرچکا ہے کہ اس کے علاوہ کسی دوسرے کی عبادت مت کرو، اور والدین کے ساتھ حسن سلوک کیا کرو، اگر آپ کی زندگی میں وہ دونوں یا پھر ان میں سے کوئی ایک بوڑھا ہوجائے تو تم انہیں اف بھی مت کہو اور نہ ہی ان کی ڈانٹ ڈپٹ کرو، اور ان کےلیے اچھی اور نرم بات کہو الاسراء (23).

اور پھر اللہ سبحانہ وتعالی نے ان دونوں یعنی والدین کے علاوہ دوسروں کے ساتھ بھی حسن سلوک کرنے کا حکم دیا ہے جن کے ساتھ حسن سلوک کرنا واجب ہے جیسا کہ اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے :

اور اللہ کی عبادت کرو، اور کسی کو بھی اللہ کے ساتھ شریک مت ٹھراؤ، اور والدین کے ساتھ حسن سلوک کرو، اور قریبی رشتہ داروں کے ساتھ اور یتیموں کے ساتھ، اور مسکینوں کے ساتھ اور قرابت دار ہمسائیوں کے ساتھ، اور اجنبی ہمسایہ کے ساتھ اور پہلو کے ساتھی کے ساتھ، اور راہ کے مسافر سے اور ان غلاموں سے حسن سلوک کرو، یقینا اللہ تعالی تکبر کرنے والوں اور شیخی خوروں کو پسند نہیں فرماتا النساء (36).

اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر حقدار کو اس کا حق دینے کا حکم دیا ہے "

دیکھیں : صحیح بخاری حدیث نمبر (1968).

چنانچہ والدین کا حق اور خاص کر سب لوگوں کے حقوق پر مقدم ہے :

ابو ہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہیں کہ :

"ایک شخص رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور عرض کرنے لگا :

اے اللہ تعالی کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم : لوگوں میں سے میرے لیے سب سے زیادہ حسن سلوک کا مستحق کون ہے ؟

تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : تیری والدہ

اس شخص نے عرض کیا : پھر کون ؟

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : تیری والدہ

اس شخص نے عرض کیا : پھر کون ؟

نبی کریم صلی للہ علیہ وسلم نے فرمایا : تیری والدہ

اس شخص نے عرض کیا : پھر کون ؟

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : تیرا والد"

صحیح بخاری حدیث نمبر (5971) صحیح مسلم حدیث نمبر (2548).

لیکن اس کا یہ معنی نہیں کہ انسان دسروں کو ان کے حق نہ دے ، بلکہ اس پر واجب ہے کہ ہر شخص کو اس کا حق دے جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے ، اور وہ ان حقوق میں توازن قائم کرے ، اور اس میں حسب استطاعت ان مصالح کو جمع کرے جن کی قدرت رکھتا ہے ، اور وہ اپنے گھر کو چلانے میں حکمت سے کام لیتے ہوئے اچھے طریقہ سے معاملات سر انجام دے

دوم :

ساس اور بہو کے مابین اس قسم کی مشکلات عام اور تکرار سے ہوتی ہیں ، اور پھر یہ نئی چیز نہیں بلکہ قدیم دور سے ہی آ رہی ہیں ؛ لیکن ایک عقلمند شخص اپنے معاملات میں اچھی نظر رکھتا ہے اور اسے ایسے طریقہ سے سر انجام دے کہ وہ ان مشکلات کو حسب استطاعت کم کر سکے ، اور اس کے دروازے بند کرے

اسی لیے بیوی کا اپنے خاوند پر یہ حق ہے کہ وہ اپنی بیوی کو علیحدہ رہائش لے کر دے

الموسوعۃ الفقھیۃ میں درج ہے :

" والدین اور بیوی کو ایک ہی رہائش میں اکٹھے رکھنا جائز نہیں ہے ( اور اسی طرح دوسرے رشتہ داروں کو بھی ) اس لیے بیوی کو حق حاصل ہے کہ ساس اور سسر میں سے کسی ایک کے ساتھ رہنے سے انکار کر سکتی ہے ؛ کیونکہ بیوی کے لیے مستقل اور علیحدہ رہائش پر وہ اپنے آپ اور اپنے مال اور اپنے حقوق پر پرامن رہ سکتی ہے ، اور کسی کو بھی اسے ساس اور سسر کے ساتھ رہنے پر مجبور کرنے کا کوئی حق نہیں

.جمہور فقھاء احناف اور شافعی اور حنابلہ کا یہی مسلک ہے

اور مالکی حضرات نے شریف اور غیر شریف عورت میں فرق کرتے ہوئے کہا ہے کہ :

شریف عورت اور اس کی ساس و سسر کو ایک ہی رہائش میں رکھنا جائز نہیں ، لیکن اگر وہ عورت شریف نہیں تو پھر اسے ساس اور سسر کے ساتھ رکھنا جائز ہے

لیکن اگر غیر شریف عورت اور خاوند کے ماں باپ کو ایک ہی رہائش میں رکھنے میں بیوی پر ضرر ہو تو پھر یہ بھی صحیح نہیں ہے " انتہی

دیکھیں : الموسوعۃ الفقھیۃ (109/25).

آپ نے سوال میں جو صورت بیان کی ہے اس سے یہی ظاہر ہوتا ہے کہ بلاشک وشبہ آپ کی ماں اور آپ کی بیوی کو ایک ہی رہائش میں اکٹھا رکھنا ممکن نہیں، اوران دونوں کو علیحدہ رکھنا واجب اور ضروری ہے

خاص کرماں نے ہی یہ مطالبہ کیا ہے، اس لیے جتنی جلدی ہوسکے آپ علیحدہ ہوجائیں، اوراس مسئلہ کو حل کرنے کےلیے کوئی اور سوچ اور رائے مت رکھیں، یعنی آپ کا اپنی بیوی کو طلاق دینا یہ اس مشکل کا حل نہیں ہے

اور خاص کر جب آپ کا بیٹا بھی ہے؛ اور پھر یہ مشکل تو آئندہ بھی ہر بیوی کے ساتھ ہوگی جو بھی آپ اپنی ماں کے ساتھ رہائش میں رکھیں گے

اس لیے آپ کو جو رائے جلدی اختیار کرنی چاہیے وہ آپ کی قدرت اور استطاعت کے مطابق ہے، وہ یہ کہ آپ اپنی بیوی کےلیے کوئی مستقل اور علیحدہ رہائش تلاش کریں، اور اگر آپ رغبت رکھتے ہیں کہ آپ اپنی والدہ کے قریب رہیں اور اس سے صلہ رحمی اور اس کی دیکھ بھال کرتے رہیں تو آپ اپنی والدہ کی رہائش کے قریب ترین رہائش تلاش کریں

اس طرح آپ جب بھی گھر آئیں یا باہر جائیں تو آپ کےلیے اپنی والدہ کے پاس جانا ممکن ہوگا، اس طرح آپ اپنی والدہ سے صلہ رحمی وحسن سلوک اور بیوی کے ساتھ مشکلات سے راحت دونوں کو جمع کرسکتے ہیں

اور اپنی والدہ سے ہمیشہ تعلق بھی قائم رکھ سکتے ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ بیوی کے ساتھ حسن معاشرت بھی قائم رکھیں آپ پر جو حقوق واجب ہیں ان کی ادائیگی کریں اور اسے اس کی حیثیت کے مطابق رہائش لے کر دیں

مزید تفصیل کےلیے آپ سوال نمبر (97810) کے جواب کا مطالعہ ضرور کریں

اللہ سبحانہ وتعالی سے دعا ہے کہ وہ آپ کو رشد وہدایت سے نوازے اور آپ کے حالات کی اصلاح فرمائے

واللہ اعلم.

الاسلام سوال وجواب

**141628**